نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کا دورہ،فلوریکلچر کانفرنس اور میلہ جشن بہاراں میں بطور مہمان خصوصی شرکت

حکومت پنجاب پھولوں کی پیداوار میں اضافہ کے لئے سرٹیفائیڈ نرسریوں کی رجسٹریشن کے منصوبہ پر عملدرآمد کر رہی ہے۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور:24مارچ2022( ) وزیرزراعت حسین جہانیاں گردیزی نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں فلوری کلچر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں پھولوں کی اچھی کوالٹی کی نرسریوں پر توجہ دینی چاہیے تاکہ پھولوں کی برآمدات کو بڑھایا جا سکے۔صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ حکومت پنجاب نے سرٹیفائیڈ نرسریوں کا پراجیکٹ شروع کیا ہے جس کے تحت صوبہ بھر میں مختلف نرسریوں کو رجسٹرڈ کیا جا رہا ہے تاکہ پھولوں کی پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔انہوں نے اس کانفرنس کے انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کانفرنسز کے انعقاد سے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک ایسا پلیٹ فارم میسر آتا ہے جس سے نہ صرف پھولوں کی پیداوار میں اضافہ ہو سکتا ہے بلکہ جامعہ زرعیہ کا ہارٹی کلچر ڈیپارٹمنٹ اپنے اغراض و مقاصد حاصل بھی کر سکتا ہے۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب نے کپیسٹی بلڈنگ اور ٹریننگ پر زور دیا تاکہ پھولوں کی نئی اقسام دریافت کی جا سکیں جو جاری موسمیاتی تبدیلیوں کے ساتھ مطابقت رکھتی ہوں۔قبل ازیں وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر اقرار احمد نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پھولوں کی مربوط ویلیو چین بنانے اور سٹاف کو ٹرینڈ کرنے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ ایکسپورٹ میں اضافہ ہو سکے اس کے علاوہ کانفرنس سے ڈاکٹر ڈیوڈ نیدرلینڈ، ڈاکٹر جعفر جسکانی و دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔کانفرنس میں زرعی ماہرین زرعی یونیورسٹی کے طلباء اور نرسری کے مالکان نے شرکت کی کانفرنس کے اختتام پر وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے پھولوں کی پیداوار بڑھانے کے لیے سائل لیس میڈیا اور لیب کا افتتاح کیا اور زرعی سائنسدانوں کو سائل لیس میڈیا اور لیب بنانے پر مبارکباد پیش کی۔بعدازاں وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے زرعی یونیورسٹی میں کسان میلہ جشن بہاراں میں مقابلہ نیزہ بازی کا افتتاح کیا اور نیزہ بازی کے مقابلوں کو خوب سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی غیر نصابی اور صحتمندانہ سرگرمیاں طلبا و طالبات پر اچھا اثر ڈالتی ہیں۔وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی نے نیزہ بازی کے مقابلوں میں پوزیشن ہولڈرز کے درمیان شیلڈ اور انعامات تقسیم کیے۔

☆☆☆☆